Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. بالیدگی یا افزائش کی تعریف کریں.

Ans 1: بالیدگی یا افزائش سے مراد جسم کا بڑھنا،قد اور وزن میں فرق آنا،مختلف اعضاء سر پاؤں،دل ،دماغ وغیرہ کا بڑھنا ہے.

Q2. اینڈرسن کے نزدیک نشونما کیسا عمل ہے؟

Ans 1: اینڈرسن کے نزدیک نشونما ایک ایساعمل ہے جس میں جسمانی بناوٹ کئی انچوں کے اعتبار سے بڑھو تری کو ہی نہیں دیکھا جاتا یا اسے قابلیت میں مقدار تبدیلی کا ہی نام نہیں دیا جاتا بلکہ یہ ایک مربوط اور پیچیدہ عمل ہے جس میں بہت سی بناوٹوں اوراعمال و افعال کو ایک دوسرے سے سمجھنے کی کوشش کی جاتی ہے.

Q3. کم عقل بچوں کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: کم عقل بچے بہت زیادی سادہ ہوتے ہیں،یہ حالات کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں ان میں خود کام کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی،سوالات کے غلط جواب دیتے ہیں،یا یاداشت کم ہوتی ہے.کم عقل بچے کو عموماً اپنی طبعی عمر سے کافی کم کارگردگی کا مظایرہ کرتے ہیں.ان بچوںمیں خود اعتمادی بہت کم ہوتی ہے.

Q4. بچے کی نشونما اور بالیدگی کے لیے وراثتی اصولوں کےنام لکھیں.

Ans 1: یہ کہنا اسی طرح لاحاصل ہے کہ کسی خاندان کے تمام بچے ایک ہی طرح کے ہوں جس طرح یہ کہنا غلط ہے کہ کسی خاندان میں والدین سے بچوں میں کوئی وصف منتقل نہیں ہوتا،بچے کی نشونما اور بالیدگی کے لیے وراثتی اصولوں کےنام درج ذیل ہیں: 1.اصول مشابہت 2.اصول غیر مشابہت 3.اصول مراجعت

Q5. متوسط بچوں کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: متوسط بچے اکثریت کے شانہ بشانہ چلتے ہیں،نہ تو وہ اتنے تیز ہوتے ہیں کہ زندگی کی دوڑ میں دوسروں کو پیچھے چھور دیں اور نہ اتنے سست رفتار کہ ان کے لیے دوسروں کی سطح تک پہنچنا مشکل ہوجائے.وہ ہر میدان میں اوسط کارگردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں.

Q6. معاشرتی ماحول بہتر نہ ہو تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

Ans 1: معاشرتی ماحول بہتر نہ ہونے کی وجہ سے عموماً بچے تعلیم کی طرف توجہ نہیں دے پاتے ،بعض خاندانوں میں یا تو مہذب اور تعلیم یافتہ لوگوں کا ماحول نہیں ہوتا یا پھر والدین اپنی ہی دلچسپیوں میں مصروف رہتے ہیں اس لئے بچوں کو مطلوبہ توجہ اور رہنمائی حاصل نہیں ہو پاتی.

Q7. ایک انسانی تخمی خلہ میں کتنے جوڑے اور ہر جوڑے میں کتنے جینز ہوتے ہیں؟

Ans 1: ایک انسانی تخمی خلہ میں 23جوڑے ہوتے ہیں اور ہر جوڑے میں ان کی ان گنت جینز ہوتے ہیں.

Q8. فطین بچوں کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: فطین بچے اپنی عمر سے کافی آگے کارگردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں.ایسے بچوں میں حالات کی صلاحیت بہت زیادہ ہوتی ہے،ایسے بچوں میں تجسس کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے،جس کی وجہ سے وہ ہر چیز کو جاننے کے لئے مختلف قسم کے سوالات کرتے ہیں اور اپنے آپ کو مطمئن کرنے کےلیے سوالات کرتے ہیں.مسائل کا حل بڑی

آسانی سے تلاش کر لیتے ہیں.

Q9. توارث کے اصول مشابہت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: توارث کے اصول کی بنیاد یہ ہے کہ مشابہ چیزوں سے مشابہ چیزیں جنم لیتی ہیں،دوسرے الفاظ میں یہ کہاجاسکتا ہے کہ بچے کئی لحاظ سے اپنی عمر اور نسل کے بچوں کی نسبت اپنے والدین سے زیادہ مشابہ ہوتے ہیں.تحقیقات سے یہ بات ثابت ہو چکی یہ کہ عام طور پر ذہین والدین کے بچے ذہین .متوسط والدین اور کند ذہن والدین کے بچے کند ذہن ہوتے ہیں.

Q10. پختگی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: پختگی سے مراد وہ منزل لی جاتی ہے کہ کوئی عضو یہ کب کسی جبلی یا اکتسابہ فعل کو کرنے کے قابل ہو جاتا ہے.
